# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 11 June-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱/جون ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے کُل جماعتی وفود کی جانب سے دنیا بھر میں بھارت کے مؤقف کی پیشکش قابل ستائش۔وزیر اعظم مودی کا فخریہ اظہار۔

☆ مرکزی حکومت کے 11 سال ترقی یافتہ بھارت کے عزم کی طرف کامیاب پیش قدمی کا دورانیہ ہے۔وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس کا بیان۔

☆ مہاراشٹر قبائلی ترقیات کمیشن کو آئینی درجہ دینے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

اور۔۔۔☆ سندھودُرگ ضلعے کے نِیوَتی میں ملک کے پہلے آبی سیاحت پروجیکٹ کا وزیرِ اعلیٰ نے کیا افتتاح۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیر اعظم نریندر مودی نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھارت کے موقف کو عالمی سطح پر بہتر طریقے سے پیش کرنے پر کُل جماعتی وفد کی تعریف کی ہے۔وزیر اعظم نے گزشتہ روز 33 ممالک کے دورے سے ملک لوٹنے والے وفود سے ملاقات کی اوران کی کارکردگی پر فخر کا اظہار کیا۔49 افراد کی شمولیت والے سات وفود کی قیادت سات ارکانِ پارلیمان کررہے تھے، جن میں مہاراشٹر سے رکنِ پارلیمان شریکانت شندے اور سپریا سولے شامل تھیں۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گزشتہ 11 سالوں میں ملک کے دفاعی شعبے سمیت تمام شعبوں میں اہم تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم مودی نے کپڑا صنعت، کھیل اور دفاع جیسے مختلف شعبوں میں ہونے والی پیش رفت پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک نے جدت طرازی اور دفاعی پیداوار میں خود کفیل بننے پر توجہ مرکوز کی ہے۔

گزشتہ 11 سالوں میں خدمت، بہتر حکمرانی اور غریبوں کی فلاح و بہبود کے اصولوں کے ذریعے ملک کے شہریوں کے معیارِ زندگی میں بنیادی تبدیلی آئی ہے۔اس حوالے سے مختلف معززین کے تاثرات پر لیا گیا ایک جائزہ پیش ہے:...

**VOICE CAST**

*''وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت کے دفاعی شعبے میں تبدیلیوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ گزشتہ گیارہ سالوں میں دفاعی شعبے تاریخی تبدیلیاں آئی ہیں۔وزیرِ دفاع نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ملک دفاعی شعبے میں خود انحصاری کی طرف بڑھ رہا ہے۔*

*اسی طرح اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیرِ مملکت ڈاکٹر ایل مُروگن نے کہا ہے کہ ملک گزشتہ 11 سالوں میں نمایاں ترقی اور بہتر حکمرانی کے تجربے سے گذرا ہے۔وہ گزشتہ روز پڈوچیری میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔*

*سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیرِ مملکت ہرش ملہوترا نے کہا ہے کہ ملک میں اچھے کاموں کے ذریعے سیاست کرنے کا سہرا وزیر اعظم نریندر مودی کے سر جاتا ہے۔ وہ آکاشوانی کو دیئے گئے ایک خصوصی انٹرویو میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ ملہوترا نے کہا کہ مودی حکومت نے مناسب سماجی اور اقتصادی پالیسیوں اور جنگی حکمتِ عملی کو اپناتے ہوئے جرات مندانہ اور فیصلہ کن قدم اٹھائے ہیں۔''*

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت کا 11 سالہ دور خود انحصار بھارت سے ترقی یافتہ بھارت کے عزم کی طرف کامیابی سے پیش قدمی کرنے کا دور رہا ہے۔ وہ گزشتہ روز ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ مرکزی حکومت کے تعاون سے مہاراشٹر میں چھ لاکھ کروڑ روپے کے بنیادی ڈھانچے کے کام جاری ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ مودی حکومت کے دورِ اقتدار میں مہاراشٹر میں ریلوے کے پونے دو لاکھ کروڑ روپئے کے پروجیکٹ شروع کیے گئے ہیں' اسی طرح مرکزی حکومت کے تعاون سے انفراسٹرکچر کے شعبے میں چھ لاکھ کروڑ روپئے کے کام جاری ہیں۔ میٹرو پروجیکٹ سمیت دیگر پروجیکٹس بھی تیزی سے جاری ہونے کی اطلاع وزیرِ اعلیٰ نے دی۔

***** ***** *****

ریاستی کابینہ نے مہاراشٹر اسٹیٹ قبائلی ترقیات کمیشن کو آئینی درجہ دینے اور آئندہ قانون ساز اجلاس میں اس سلسلے میں ایک بل لانے کا فیصلہ لیا ہے۔ یہ فیصلہ گزشتہ روز منعقدہ اجلاس میں لیا گیا۔

کابینہ نے کل ریاست میں سرکاری فزیوتھراپی اور پیشہ ورانہ تھیراپی نصاب کورس میں زیرِ تعلیم طلباء کے تعلیمی وظائف میں اضافہ کرنے اور بی ایس سی نرسنگ کورس کے طلبہ کو تعلیمی وظیفہ فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔ ریاستی ایکسائز شعبے کی آمدنی میں اضافہ کرنے کیلئے اناج سے تیار ہونے والی غیر ملکی شراب کی ایک نئی قسم، مہاراشٹر میڈ لیکور، ایم ایم ایل، تیار کرنے کیلئے اقدامات کرنے کو بھی منظوری دی گئی۔ تاہم' صرف مہاراشٹر میں شراب ساز کمپنیاں ہی یہ شراب تیار کرسکیں گی۔

کابینہ نے اس اجلاس میں آبی پشتوں میں پانی کے ذخیرے کی موجودہ صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ آبی وسائل محکمے کے ایڈیشنل چیف سکریٹری دیپک کپور نے بتایا کہ ریاست کے تمام بڑے آبی ذخائر میں گزشتہ سال کے مقابلے معقول پانی کا ذخیرہ موجود ہے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

آکسیم 4 خلائی مشن ملتوی کر دیا گیا ہے۔ تکنیکی خرابی اور وجوہات کی بنا پر یہ مشن ملتوی کیے جانے کی اطلاع متعلقہ خبروں میں دی گئی ہے۔ اس 14 روزہ خلائی مہم پر بھارتی خلاباز شبھانشو شکلا سمیت چار ممالک کے خلاباز آج روانہ ہونے والے تھے، اس مشن کی نئی تاریخ کا اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔

***** ***** *****

وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس نے کل سندھودُرگ ضلع کے نِیوَتی میں ملک کے پہلے زیرِ آبی سیاحتی پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ منصوبہ سمندری تحفظ اور سیاحت کو فروغ دے گا۔ مرکزی حکومت نے اس مقصد کیلئے بحریہ کے سابقہ جہاز آئی این ایس گلدار مہاراشٹر سیاحتی ترقیاتی کارپوریشن کے سپرد کیا ہے۔

***** ***** *****

آئندہ 21 جون کو 11 واں عالمی یوگا دن منایا جائے گا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کی یوگا کی مطالعہ نگار اور تربیت کار ڈاکٹر چارولتا روجیکر نے جانو شِراسن' آسن کے بارے میں بتایا کہ یہ آسن ذیابطیس اور وزن کم کرنے میں بے حد مفید اور کار آمد ثابت ہوتا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ایک نوجوان امیت کلکرنی نے مرکزی حکومت کی اسٹارٹ اپ اسکیم سے استفادہ کر کے فوڈ پروسیسنگ صنعت قائم کی ہے۔ امیت کلکرنی نے بتایا کہ وہ اس پروسیسنگ صنعت کے ذریعے دالوں کو بھگو کر کم وقت میں تیار کیے جانے والے لوازمات ملک اور بیرون ملک برآمد کر رہے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ ان کے پاس ساز وسامان اور آلات کی کمی تھی' لیکن اسٹارٹ اَپ اسکیم سے موصولہ فنڈ سے انھیں یہ صنعت کھڑی کرنے میں مدد ملی۔

***** ***** *****

وَٹ پورنیما کا تہوار کل منایا گیا۔ لاتور میں ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر۔گھوگے کی موجودگی میں برگد کے پچاس پودے لگا کر وَٹ پورنیما منائی گئی۔ وَٹ پورنیما کے موقع پر ورشا ٹھاکر گھوگے نے ہر خاندان سے کم از کم دس پودے لگانے کی اپیل کی۔ سبز دھارا شیو مہم کے تحت 19 جولائی کو 15 لاکھ پودے لگائے جائیں گے۔ اس پس منظر میں کل آڑنی میں محکمہ سماجی جنگلات کی نرسری میں میاواکی طرز پر درخت لگانے کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھی عالمی یومِ ماحولیات کی مناسبت سے میونسپل کارپوریشن کی جانب سے شہریوں میں پودے تقسیم کر کے شجر کاری کی گئی۔

***** ***** *****

رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے کہا کہ تلجا پور میں تلجا بھوانی ماتا کی جانب سے شیواجی مہاراج کو تلوار دینے والے یادگار لمحے کا ایک عظیم الشان مجسمہ بنایا جائے گا۔ کل ممبئی میں تلجا پور کے مذہبی مقام کے ترقیاتی منصوبے کے سلسلے میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں یہ فیصلہ لیا گیا۔ اس کیلئے ماہر مجسمہ سازوں سے مجسّمے کے نمونے طلب کیے جانے کی بات بھی پاٹل نے کہی۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع میں کل ایک نوجوان کسان اور اس کے دو بیٹوں کی بجلی کا جھٹکا لگنے سے موت ہو گئی۔ یہ حادثہ کل صبح جالنہ تعلقہ کے وروڈ میں پیش آیا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے متعدد مقامات پر کل تیز ہواؤں کے ساتھ زوردار بارش ہوئی۔ جس سے کئی درخت جڑوں سے اکھڑ گئے اور بجلی کے کھمبے گرنے سے بجلی فراہمی مسدود ہو گئی۔

دریں اثنا، ریاست میں مانسون کی بارش 15 جون کے بعد ہی پوری طرح سے فعال ہونے کا امکان ہے۔ جس کے پیشِ نظر محکمہ زراعت کی جانب سے کسانوں سے تخم ریزی میں جلد بازی نہ کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

1

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے کُل جماعتی وفود کی جانب سے دنیا بھر میں بھارت کے موقف کی پیشکشی قابل ستائش۔وزیر اعظم مودی کا فخریہ اظہار۔

☆ مرکزی حکومت کے 11 سال ترقی یافتہ بھارت کے عزم کی طرف کامیاب پیش قدمی کا دورانیہ ہے۔وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس کا بیان۔

☆ مہاراشٹر قبائلی ترقیات کمیشن کو آئینی درجہ دینے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

اور۔۔۔☆ سندھودُرگ ضلعے کے نِیوَتی میں ملک کے پہلے آبی سیاحت پروجیکٹ کا وزیرِ اعلیٰ نے کیا افتتاح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****